# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

### پریس ریلیز

**فیکلٹی آف ڈینٹسٹری کے اورل پیتھولوجی اور مائیکروبائیولوجی کے پروفیسر ڈاکٹر امن چودھری موقر بین الاقوامی فیلوشپ گرانٹ سے سرفراز**

New Delhi, December 18, 2025

جاپان ڈینٹل ایسوسی ایشن (جے ڈی اے) نے سال دو ہزار چھبیس کے لیے اپنے انٹرنیشنل سائنٹفک ایکسچینج فنڈ کے تحت جامعہ ملیہ اسلامیہ کے فیکلٹی آف ڈینٹسٹری میں اورل پیتھولوجی اور مائکروبایولوجی کے پروفیسر (ڈاکٹر) امن چودھری کو موقر بین الاقوامی فیلوشپ سے نوازا ہے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ اور انڈین ڈینٹل ایسوسی ایشن نے مشترکہ طور پر فیلوشپ کی درخواست دی تھی۔ اورل کینسر سے متعلق تحقیق کی پیش رفتوں میں فروغ کے لیے یہ رسرچ فیلوشپ، اورل ڈائی پلاسٹک اور مالی ننینٹ لیزنز کی سالمی درجہ بندی پر مرکوز ہوگی۔

جے ڈی اے نے اپنے آفیشیل بیان میں بتایا کہ ڈاکٹر چودھری کو بورڈ آف ڈائریکٹرس نے سال دو ہزار چھبیس ستائیس میں فیلوشپ کے لیے منتخب کیا ہے جس میں انہیں جے پی وائی ماہانہ ایک لاکھ پچاس ہزار کا وظیفہ ملے گا۔ قابل ذکر ہے یہ فیلوشپ دانتوں سے متعلق تحقیق کرنے والوں کے لیے انتہائی موقر بین الاقوامی مواقع میں سے ایک ہے جو انہیں تعلیمی حصول، تحقیق مہارت اور عالمی طور پر سائنسی انہماک کی ان کی کوششوں میں نکھار لانے کے قابل بناتی ہے۔

پروفیسر کیا سرکار، ڈین، فیکلٹی آف ڈینٹسٹری نے ڈاکٹر چودھری کو اس حصولیابی پر مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس نوع کی بین الاقوامی فیلوشپ فیکلٹی اراکین کو نئے مواقع پیش کرتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ صرف اپنی انفرادی مہارت کو بہتر نہیں کریں گے بلکہ فیکلٹی آف ڈینٹسٹری کی مجموعی تعلیمی ترقی اور اس کے عالمی مقام کو بھی نمایاں انداز میں بہتر کریں گے۔

مذکورہ فیلوشپ کے لیے ڈاکٹر چودھری کا انتخاب جامعہ کی ڈینٹل برادری کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے اور افضلیت، بین الاقوامی اشتراک اور اورل ہیلتھ سائنسز میں انتہائی معیاری تحقیق کے تئیں یونیورسٹی کے عہد کی توثیق مزید کرتی ہے۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلیٰ، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ